سوال

(184) کیاتیجے، ساتویں، دسویں، چالیسویں اور عرس یا میلہ کا کوئی ثبوت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاتیجے، ساتویں، دسویں، چالیسویں اور عرس یا میلہ کا کوئی ثبوت ہے اگر کوئی ان سے انکار کے تو بریلوی اُسے برا کہتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ثبوت اگر قرآن و حدیث سے پوچھو تو کوئی نہیں۔ بلکہ فقہ کی کتابوں میں بھی ان کا کہیں ذکر نہیملتا ہاں یار لوگوں نے کھانے پینے کا ڈھب بنا رکھا ہے۔ اور ہندوؤں کی دیکھا دیکھی یہ رسمیں ایجاد کرلی ہیں۔ جیسا کہ منو سمرتی میں تیجے، ساتویں، چالیسویں کا ذکر مذکور ہے۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۵ ش نمبر ۴۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 350

محدث فتویٰ